www.understandquran.com

## سبق-4: هِيَ، ـهَا، مُسْلِمَة، مُسْلِمَات

**گرامر:** اس سبق میں ہم مؤنث کا صیغہ اور مذکر سے مؤنث کے الفاظ بنانے کا طریقہ بھی سیکھیں گے، ان سب کو TPI کے طریقے سے سیکھیے۔

**هِيَ:** وہ عورت - جب آپ هِيَ (وہ عورت) کہیں تو بائیں ہاتھ کی تشہد کی انگلی سے بائیں جانب اشارہ کریں، گویا "وہ عورت" آپ کے بائیں جانب ہے۔

**مذکر سے مؤنث:** عربی زبان میں مذکر سے مؤنث بنانے کے لیے عام طور پر مذکر لفظ کے آگے گول تا "ة" کا اضافہ کر دیتے ہیں، جیسے:

| مُذَكَّر سے مؤنث | | |
|---|---|---|
| مُسْلِم | ← | مُسْلِمَة |
| مُؤْمِن | ← | مُؤْمِنَة |
| صَالِح | ← | صَالِحَة |
| كَافِر | ← | كَافِرَة |
| مُشْرِك | ← | مُشْرِكَة |

**** (عربی بول چال) ****

هُوَ مُسْلِم ← هِيَ مُسْلِمَة.

هُوَ مُؤْمِن ← هِيَ مُؤْمِنَة.

هُوَ صَالِح ← هِيَ صَالِحَة.

**هَا:** "اس عورت کا" (یہ ہمیشہ لفظ کے آخر میں آتا ہے)، ہر صحابی کے نام کے بعد ہم رضی اللہ عنہ استعمال کرتے ہیں اور صحابیہ کے نام کے بعد رضی اللہ عنہا، مثلاً: اَبُوبَكْر رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، عَائِشَةُ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا

| مؤنث کے صیغے | |
|---|---|
| رَبُّهَا | اس عورت کا رب |
| دِيْنُهَا | اس عورت کا دین |
| كِتَابُهَا | اس عورت کی کتاب |

**** (عربی بول چال) ****

مَنْ رَبُّهَا؟ ← رَبُّهَا اللّٰه.

مَا دِيْنُهَا؟ ← دِيْنُهَا الْإِسْلَام.

مَا كِتَابُهَا؟ ← كِتَابُهَا الْقُرْاٰن.

**مؤنث کی جمع:** مؤنث کی جمع بنانا ہو تو لفظ کے آخر کا گول تا "ة" گرا کر "ا ت" کا اضافہ کر دیتے ہیں، مثلاً

| واحد مؤنّث | | جمع مؤنّث |
|---|---|---|
| مُسْلِمَة | ← | مُسْلِمَات |
| مُؤْمِنَة | ← | مُؤْمِنَات |
| صَالِحَة | ← | صَالِحَات |